تعارف وتبصرہ

اسلامیات

مصنف : مولانا عبدالبر اثری

ناشر: کوکن پبلیکیشنز ، ممبئی ـ ۸ ـ سنہ اشاعت ۲۰۰۲ء

صفحات حصہ اول ۹۶ ، قیمت =/۱۸ روپے ـ حصہ دوم : ۱۰۸ ، قیمت =/۲۱ روپے

زیرِ نظر کتاب کوکن ایجوکیشن اینڈ ویلفیر ٹرسٹ کی جانب سے شائع کی گئی ہے ۔ یہ ٹرسٹ علاقہ کوکن کے اردو میڈیم ہائی اسکولوں میں دینی تعلیمی اسکیم نافذ کرنے کی کامیاب کوشش کر رہا ہے ۔ ٹرسٹ نے محسوس کیا کہ اردو زبان میں دینیات کی اس معیار کی تعلیم کے لیے درسی کتابیں موجود نہیں ہیں اور جو ہیں وہ عصری تقاضوں سے ہم آہنگ نہیں ہیں ۔ اس لیے اس کی نگرانی میں پانچویں سے نویں جماعت کے طلبہ کے لیے ایک جامع نصاب ترتیب دیا گیا اس کے مطابق کتابوں کی تیاری کا سلسلہ جاری ہے ۔

کوکن ٹرسٹ کی اس دینی تعلیمی اسکیم کے سپروائزر مولانا عبدالبر اثری ہیں ۔ موصوف مشہور دینی درس گاہ جامعۃ الفلاح اعظم گڑھ کے فارغ التحصیل ہیں ۔ وہاں کئی سال تدریسی خدمات انجام دینے کے علاوہ ماہنامہ "حیاتِ نو" کے مدیر بھی رہ چکے ہیں ۔ اسکیم کے مطابق "اسلامیات" کا جو نصاب وہ تیار کر رہے ہیں ، اس کے ابتدائی دو حصے پیشِ نظر ہیں ۔

یہ نصاب سات مباحث پر مشتمل ہے ۔ دونوں حصوں میں ان کی رعایت رکھی گئی ہے:
۱ ۔ حفظِ قرآن مع ترجمہ ۲ ۔ حفظِ حدیث مع ترجمہ ۳ ۔ ایمانیات ۴ ۔ عبادات ۵ ۔ معاشرت (حقوق و اخلاق) ۶ ۔ تاریخِ اسلام (انبیاء کی سیرتیں ، سیرتِ نبوی ، سیرتِ اسلاف ، تاریخِ ہند) ۷ ۔ دعائیں ۔

ہر سبق کے آخر میں مشقی سوالات دیے گئے ہیں جن کی مدد سے طلبہ کو سبق سمجھنے اور ذہن نشین کرنے میں آسانی ہوگی ۔

آج کل ہندوستان کے بعض مسلم زیرِ انتظام انگلش میڈیم اسکولوں میں پرائمری سطح پر دینیات میں انگریزی میں مولوی عبدالعزیز کی Studies on Islam داخلِ نصاب ہے زیرِ تبصرہ کتاب ٹھیک اسی پیٹرن پر مرتب کی گئی ہے ۔ ہائی اسکول کے طلبہ کے لیے یہ بہت مفید سلسلہ ہے ۔ اردو میڈیم اسکولوں کے منتظمین کو اس کی جانب توجہ کرنی چاہیے اور اسے اپنے